© rasailojaraid.com



تشریف لائے اور امت کیلئے جامع طرز اور روش کتاب وسنت کی روشنی میں چھوڑ گئے اور مخاطبین کو تاکید و اصرار فرما گئے کہ اس سبق و درس کو آئندہ نسلوں تک پہنچانے کا اہتمام کیا جائے۔ مذکورہ مقدس شخصیات کے بعد بھی اس امت میں ایسے شہسوار گزرے ہیں جن کی علم وفضل ورع وتقوی سے چارگونہ عالم مستفید ہوا ہے۔ ان اہل علم وتبلیغ نے ہر میدان میں اپنے اپنے جوہر کا لوہا منوایا۔ دعوت وتبلیغ زبان سے دیا جائے تو بہت نافع اور موثر ثابت ہوسکتی ہے جس کو وعظ وتقریر کے نام سے یاد کیا جاتا ہے، اس سلسلہ میں اہل علم کی خدمات محتاج تعارف نہیں، انہیں اہل علم نے تقریر کے ذریعے دعوت وتبلیغ کا فریضہ بخوبی سرانجام دیا ہے اور ان تقریروں کو بعد میں کتابی شکل میں امت کے استفادے کیلئے پیش کیا گیا ہے۔ زیر تبصرہ کتاب ''دعوتی خطبات'' اس سلسلہ کی ایک حسین کڑی ہے، جسے مولانا سید محمد زین العابدین نے کمال مہارت سے مرتب کیا ہے، جس میں اکابر اہل علم اور مبلغین حضرات کی تقریروں کو شامل کیا گیا ہے اور عوام کی رہنمائی و ہدایت پر مشتمل مواعظ و بیانات اور دعوتی خطبات کا بہترین مجموعہ ہے۔ اللہ مولف عزیز کی یہ کاوش قبول کرے اور امت کی ہدایت اور ہم سب کی اخروی نجات کا ذریعہ بنائے۔

● **الاربعین فی تعلیم البنات والبنین** افادات: شیخ الحدیث حضرت مولانا **حافظ اختر علی عزیزی**

ضخامت: ۹۰ صفحات ناشر: دارالعلوم فاروقیہ محلہ انوار مدینہ کاٹلنگ مردان

ایک حدیث مبارکہ میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو میری امت میں سے کسی کو چالیس احادیث یاد کرادے گا، اس کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن عالم کی شکل میں اٹھائے گا، اور میں اس کی شفاعت کرنے والا اور اس پر گواہ ہوں گا۔ اس حدیث کی بناء پر علماء امت نے امت کی رہنمائی کیلئے اس عبادت کو ہر دور میں بحسن وخوبی انجام دیا ہے۔ ہر دور میں اربعین کے نام پر چالیس احادیث مبارکہ کے مجموعے لکھے گئے، بعض کتابیں (اربعین) مخصوص مسائل پر، بعض ایک ہی موضوع پر لکھے گئے ہیں اور نہ صرف یہ کہ اس پر عربی میں کام ہوا ہے بلکہ ہر زبان میں اربعین پر بے شمار کتابیں لکھی گئی ہیں۔

اس سلسلہ کی ایک حسین کڑی مولانا حافظ اختر علی عزیزی صاحب کی یہ کتاب بھی ہے، جس میں انہوں نے تعلیم وتربیت اولاد کے حوالے سے چالیس احادیث مبارکہ جمع کرکے اس کی سہل اندار میں توضیح وتشریح بھی پیش کی ہے، اس میں چالیس وہ احادیث مبارکہ ہیں جو تعلیم، درس وتدریس اور تربیت اولاد کے سلسلہ میں وارد ہوئی ہیں۔ علم وتعلیم کے سلسلہ میں یہ ایک حسین گلدستہ ہے۔ امید ہے آئندہ ایڈیشن میں اسکی حسن ترتیب کا خیال رکھا جائے گا اور سلیقہ سے کتاب کو مرتب کرنے کی کوشش کی جائے۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے۔

© rasailojaraid.com